سوال

(15) خالق کی معصیت میں مخلوق کی اطاعت نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی اس طرح کے کام میں اپنی ماں کے حکم کی نافرمانی کرے جس کے کرنے سے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟ جیسے کہ میری ماں مجھے زیب و زینت اختیار کرنے اور بے پردہ رہنے کو کہتی ہیں ان کا کہنا ہے کہ "حجاب" بے ہودہ چیز ہے دین میں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے وہ مجھ سے محفلوں میں جانے اور ایسے کپڑے پہننے کو کہتی ہیں جن سے ہر وہ عضو جھانکتا نظر آتا ہے جس کی نمائش کو اللہ تعالیٰ نے عورت کے لئے حرام قرار دیا ہے نیز جب وہ مجھے پردہ میں دیکھتی ہیں تو آپ سے باہر ہو جاتی ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں، چاہے ماں ہو یا باپ یا کوئی اور ہو، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

"صرف معروف میں ہی اطاعت کی جائے گی۔" (مشکوۃ)

دوسری جگہ فرمایا :

"خالق کی نافرمانی کی صورت میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہے۔"

اور وہ تمام کام جنہیں کرنے کی آپ کی ماں آپ کو دعوت دیتی ہیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے ہیں۔ ان میں اپنی ماں کی اطاعت کرنا آپ کے لئے جائز نہیں ہے ہم اللہ تعالیٰ سے ان کی ہدایت اور شیطان کی اطاعت سے محفوظ رکھنے کی دعا کرتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب العقائد والتاریخ، صفحہ: 47

محدث فتویٰ